# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایبٹ آباد

## پریس ریلیز

کنٹرولر امتحانات، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایبٹ آباد کی جانب سے مطلع کیا جاتا ہے کہ میٹرک سالانہ امتحان اوّل 2026 کے پوزیشن ہولڈر طلباء وطالبات کا باضابطہ اعلان مورخہ 04 اگست 2026 بروز منگل صبح 11:00 بجے بورڈ آفس ایبٹ آباد کے آڈیٹوریم ہال میں منعقد ہونے والی تقریب میں کیا جائے گا۔

جبکہ مکمل نتائج اسی روز دوپہر 02:00 بجے بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ (www.biseatd.edu.pk) پر (E-DMC) کے ساتھ اجراء کر دیا جائے گا، جہاں سے طلباء وطالبات اپنا نتیجہ اور DMC باآسانی ڈاؤن لوڈ کر سکیں گے۔

مزید برآں، ریگولر طلباء وطالبات کی اصل (DMCs) مورخہ 06 اگست 2026 بروز جمعرات صبح 09:00 بجے متعلقہ سرکاری ونجی تعلیمی اداروں کے مجاز نمائندگان (اتھارٹی لیٹر کے حامل) کے حوالے کی جائیں گی، جبکہ پرائیویٹ طلباء وطالبات اپنی DMCs متعلقہ امتحانی مراکز سے وصول کریں گے۔

تمام طلباء وطالبات، والدین اور تعلیمی اداروں سے گزارش ہے کہ نتائج سے متعلق معلومات کے حصول کے لیے صرف بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ اور آفیشل سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جاری ہونے والے اعلانات پر اعتماد کریں اور غیر مصدقہ یا گمراہ کن اطلاعات سے اجتناب کریں۔

کنٹرولر امتحانات
بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن
ایبٹ آباد